ا ابو منذر! کیا تم جانتے ہو کہ تمہارے پاس موجود اللہ کی کتاب کی کون سی آیت سب سے عظیم ہے؟‘‘ ان کا کہنا ہے کہ میں نے عرض کیا: ﴿اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ﴾ ان کا کہنا ہے کہ یہ سننے کے بعد آپ نے میرے سینے پر ہاتھ مارا اور فرمایا: ’’اللہ کی قسم ! ابو منذر! تمہیں یہ علم مبارک ہو"

ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ا ابو منذر! کیا تم جانتے ہو کہ تمہارے پاس موجود اللہ کی کتاب کی کون سی آیت سب سے عظیم ہے؟‘‘ ان کا کہنا ہے کہ میں نے عرض کیا: اللہ اوراس کے رسول ﷺ زیادہ جانتے ہیں آپ نے (دوبار) فرمایا: ’’ا ابو منذر! کیا تم جانتے ہو کہ تمہارے پاس موجود اللہ کی کتاب کی کون سی آیت سب سے عظیم ہے؟‘‘ ان کا کہنا ہے کہ میں نے عرض کیا: ﴿اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ﴾ ان کا کہنا ہے کہ یہ سننے کے بعد آپ نے میرے سینے پر ہاتھ مارا اور فرمایا: ’’اللہ کی قسم ! ابو منذر! تمہیں یہ علم مبارک ہو"

[صحیح] [رواہ مسلم]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن کعب سے کتاب الٰہی کی سب سے عظیم آیت کے بارے میں پوچھا، تو ان کو جواب دینے میں تردد اور پس وپیش ہونے لگا لیکن پھر جواب دیا کہ وہ آیت الکرسی (الله لا إله إلا هو الحي القيوم) ہے، تو اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جواب کی تائید کی اور اس بات کا اشارہ کرنے کے لیے ان کے سینے پر ہاتھ مارا کہ ان کا سینہ علم وحکمت سے پُر ہے نیز ان کے لیے یہ دعا کی کہ یہ علم ان کے لیے باعث سعادت ہو اور ان کی راہ میں آسانی ہی آسانی آئے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/65059